


# اسٹیٹ لائف طیب تکافل
# انڈوومنٹ پلان

Distributed By

STATE LIFE
TAYYAB TAKAFUL
WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

faysalbank

## اسٹیٹ لائف طیب تکافل انڈ ومنٹ پلان

اسٹیٹ لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مالی حل کے ذریعے اپنے مستقبل کو محفوظ کریں۔اسٹیٹ لائف طیب تکافل انڈ ومنٹ پلان آپ کو ایک منفرد موقع فراہم کرتا ہے جس میں آپ اپنے پیاروں کو تحفظ فراہم کرنے کے ساتھ اپنی سیونگز کو بڑھانے کے قابل بھی ہوتے ہیں۔ یہ پلان اسلامی اصولوں کے عین مطابق آپ کو اپنے عقائد اور اقدار پر عمل کے قابل بناتا ہے۔

اسٹیٹ لائف کا یہ انڈ ومنٹ پلان ایسے افراد کے لیے ترتیب دیا گیا ہے جو شرعی اصولوں کے عین مطابق تحفظ، بچت اور سرمایہ کاری کے خواہاں ہیں۔ یہ سرمایہ کاری سے جڑی ایسی پروڈکٹ ہے جو آپ کی مستقبل کی مالی ضروریات کو پورا کرے گی جس میں ریٹائرمنٹ، بچوں کی اعلیٰ تعلیم اور شادی اور اچانک فوتگی کی صورت میں آپ کی فیملی کے مالی تحفظ کی ضمانت شامل ہے۔

### پروڈکٹ کا خلاصہ

یہ ایک ایسی فیملی تکافل پروڈکٹ ہے جو تحفظ اور سرمایہ کاری پر مشتمل دو الگ خصوصیات رکھتی ہے۔اس میں سرمایہ کاری کا عنصر یونٹ سے جڑے فنڈ کے تحت اثاثہ جات کی کارکردگی کے مطابق کام کرتا ہے۔

### فری لک ان پیریڈ

یہ سرٹیفکیٹ دستاویزات حاصل ہونے سے 14 دن پر مشتمل فری لک ان پیریڈ فراہم کرتا ہے جس میں آپ اپنی ممبر شپ منسوخ کرنے کے فیصلے کی صورت میں مکمل رقم واپس لینے کے مجاز ہوں گے،اس میں سے اسٹیٹ لائف انڈ ومنٹ تکافل آپریشنز کی جانب سے کسی طبی یا تشخیصی عمل پر ہونے والے ممکنہ اخراجات منہا ہوں گے۔

### شریعت کے عین مطابق فنڈز کیا ہیں؟

شریعت کے عین مطابق فنڈز ایسی سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہوتے ہیں جو شرعی اصولوں کے عین مطابق ہوں جیسا کہ ایکوئیٹیز، سکوک، اسلامک ٹرم سرٹیفکیٹس، اسلامک میچوئل فنڈز، اسلامی بینکاری اداروں میں لگایا جانے والا سرمایہ وغیرہ۔ان فنڈز میں کسی بھی قسم کا ربا (سود)، قمار (جوا) اور غرر (غیر یقینی) ہرگز شامل نہیں ہوتی۔

### فنڈ کی درجہ بندی اور خطرات کا خلاصہ

**پارٹیسپینٹ انویسٹمنٹ انڈ ومنٹ فنڈ (PIEF)**

**رسک پروفائل: متوسط**

پارٹیسپنٹ کا ادا کردہ کنٹری بیوشن پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ انڈ ومنٹ فنڈ (PIEF) میں لگایا جائے گا جس میں متوسط درجہ کا خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ PIEF خاص کر شریعت کے عین مطابق حکومتی سیکورٹیز (سکوک)، شرعی منی مارکیٹ سیکورٹیز، اسلامی بینکوں میں فنڈز کے استعمال اور فنڈ کا کچھ حصہ شرعی ایکوئیٹیز اور میچوئل فنڈز میں لگایا جاتا ہے۔

### انڈ ومنٹ (وقف) پلان کیا ہے؟

ایڈ ومنٹ (وقف) پلان ایک منفرد سیونگ اور تحفظ کی حامل اسکیم ہے جس کے ذریعے ممبر شپ ہولڈر کو اس کے مستقبل کی مالی ضروریات کی بنیاد پر مخصوص مدت میں ایک خاص رقم مل سکتی ہے۔انڈ ومنٹ پلان دور اندیش لوگوں اور مستقبل کی ضروریات کو

پورا کرنے کے خواہاں افراد کے لیے بہت مناسب اسکیم ہے۔

## تکافل اور تکافل فیملی پلان کیا ہے؟

تکافل عربی زبان کے لفظ ''کفالہ'' سے لیا گیا ہے جس مطلب ''ضمانت دینا'' اور دیکھ بھال یا نگرانی'' کرنا ہے۔ تکافل کا لفظ آج کے دور میں روایتی انشورنس کے اسلامی متبادل کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ یہ معاشرے کی فلاح و بہبود کے لیے قائم کیا جانیوالا اجتماعی طور پر ممکنہ خطرات کی تقسیم کا نظام (کوآپریٹیو رسک شیئرنگ مکینزم) ہے۔ فیملی تکافل میچوئل کوآپریشن (باہمی تعاون)، یکجہتی اور بھائی چارے پر مشتمل ہے جو شریعت میں ایک پسندیدہ عمل ہے۔ اس میں تکافل کے شرکاء کسی فوتگی یا معذوری کی صورت میں اجتماعی طور پر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور تحفظ میں شامل ہوتے ہیں۔

## عمومی طور پر تکافل کے بنیادی اصول کیا ہیں؟

تکافل کے شرکاء ''تبرع/تعاون'' کی بنیاد پر ایک مقرر رقم (جسے کنٹری بیوشن کہتے ہیں) ایک وقف پول میں ادا کرتے ہیں تا کہ ہر ایک کو پوشیدہ خطرات سے تحفظ مل سکے۔ وقف پول کو 'وقف فنڈ'' کہا جاتا ہے۔ وکیل کی صورت میں، ونڈو تکافل آپریٹر انڈوومنٹ فنڈ کا انتظام دیکھتا ہے۔ اسی وقف فنڈ سے کلیم کی ادائیگی ہوتی ہے۔ منافع یا سرپلس کی صورت میں، اگر ہو، تو شرعی ایڈوائزر اور منتخب ایکچوری کی منظوری سے اس وقف فنڈ کی رقم کو شرکاء کے درمیان تقسیم بھی کیا جا سکتا ہے۔

## پلان میں شمولیت کی عمر

اس پلان میں 18 سال سے 60 سال کی عمر کا ہر فرد شامل ہوسکتا ہے اور اس میں 10 سے 52 سالوں کی مدت دستیاب ہے، جو زیادہ سے زیادہ 70 سال کی عمر تک کے لیے ہے۔

## کم از کم شراکت کی رقم

| | |
|---|---|
| سالانہ | 15,000 |
| ششماہی | 8,000 |
| سہ ماہی | 4,100 |
| ماہانہ | 1,400 |

## فوتگی پر فوائد

ممبر شپ کی مدت کے دوران پارٹیسپنٹ کی فوتگی کی صورت میں، پارٹیسپنٹ تکافل انڈوومنٹ فنڈ (PTEF) سے متعین فائدہ اور حفاظتی بونس بھی قابل ادا ہوں گے۔ اس کے ساتھ پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ انڈوومنٹ اکاؤنٹ (PIEA) کی رقم بھی نامزد فرد کو ادا کی جائے گی۔

## تکمیل پر فوائد

ممبر شپ کی تکمیل پر، پارٹیسپنٹ تکافل انڈوومنٹ فنڈ (PTEF) سے قابل ادا حفاظتی رقم اور اعلان کردہ بونس ادا کیے جائیں گے اس کے ساتھ پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ انڈوومنٹ اکاؤنٹ (PIEA) کی رقم بھی ادا کی جائے گی۔

## رقم نکالنا/ قبل از وقت رقم واپس لینا

اسٹیٹ لائف کی جانب سے کم از کم دو مکمل ریگولر کنٹری بیوشن وصول کرنے پر اور ممبر شپ فعال ہونے یا قابل ادا ہونے پر پارٹیسپنٹ اپنی ممبر شپ کی رقم کسی بھی وقت نکال سکتا ہے

ممبر شپ کے تیسرے سال، پارٹیسپنٹ کو پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ انڈوومنٹ فنڈ (PIEA) کی مجوزہ قیمت وصول کرنے کا مجاز بنایا جائے گا اور وہ درخواست کی تاریخ پر پارٹیسپنٹ تکافل انڈوومنٹ فنڈ (PTEF) سے صرف کور شدہ رقم کی اضافی رقم لینے کا اہل ہوگا۔ ممبر شپ کے چوتھے سال سے پارٹیسپنٹ درخواست کی تاریخ کے مطابق (PIEA) کی مجوزہ قیمت حاصل کرنے کے ساتھ حفاظتی رقم کے اضافی ویلیو اور (PTEF) سے اعلان کردہ بونسز کا مجاز ہوگا۔

## اعلان کردہ بونس کب قابل ادا ہوگا

اعلان کردہ بونس پارٹیسپنٹ تکافل انڈوومنٹ فنڈ کا حصہ رہے گا اور پارٹیسپنٹ کی فوتگی کی صورت میں ضمانت کی رقم کے ساتھ قابل ادا ہوگا یا تکافل ممبر شپ کی تکمیل پر ادا کیا جائیگا۔

## (PTEF) سرپلس کی تقسیم کس بنیاد پر ہوگی

قابل تقسیم سرپلس کی صورت میں، اسٹیٹ لائف منتخب ایکچوئری اور شرعی ایڈوائزر کے ساتھ مشاورت سے شرکاء میں سرپلس کی تقسیم کا فیصلہ کی جائے گا۔ اس صورت میں سرپلس کا 97.5 فیصد بونسز کی صورت میں شرکاء میں قابل تقسیم ہوگا جبکہ باقی 2.5 فیصد مضارب فیس کے طور پر آپریٹر سب فنڈ (OSF) کو بھیجا جائے گا۔

خسارے کی صورت میں، آپریٹر سب فنڈ سے پارٹیسپنٹ تکافل انڈوومنٹ فنڈ کو قرضِ حسنہ کی صورت میں مدد کی جائے گی اور یہ رقم سرپلس ہونے پر سب سے پہلے آپریٹر سب فنڈ کو واپس کی جائے گی۔

## پارٹیسپنٹ کس طرح جزوی طور پر رقم نکال سکتا ہے؟

- اسٹیٹ لائف کی جانب سے کم از کم دو مکمل ریگولر کنٹری بیوشن وصول کرنے پر اور 2 ممبر شپ سال مکمل ہونے پر پارٹیسپنٹ کو کچھ رقم نکالنے کی اجازت دی جائے گی۔ جزوی رقم نکالنے کی صورت درج ذیل شرائط وضوابط سے مشروط ہوگی۔
- پارٹیسپنٹ اپنے پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ انڈوومنٹ اکاؤنٹ (PIEA) میں موجودہ رقم اس صورت میں نکال سکتا ہے کہ اس کے اکاؤنٹ میں باقی رقم کم از کم -/50,000 یا PIEA کی قدر کے 50 فیصد ہو۔ جزوی رقم نکالنے کی کم از کم حد -/10,000 ہوگی۔

## اس پلان کے ساتھ کون سے سپلیمنٹری تکافل فوائد شامل کئے جاسکتے ہیں؟

اس پلان کے تحت پارٹیسپنٹ اپنی تکافل کوریج کو بڑھانے کے لیے درج ذیل اختیاری تکافل فوائد کا انتخاب کرسکتا ہے:

### ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ (ADB)

اس سپلیمنٹری فائدے کے تحت حادثاتی موت کی صورت میں، پلان کی اصل رقم کے برابر اضافی مجموعی رقم ورثاء کو دی جائے گی۔

### ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبلٹی بینیفٹ (ADDB)

اس سپلیمنٹری فائدے کے تحت حادثاتی موت کی صورت میں، نا صرف پلان کی اصل رقم کے برابر اضافی یکمشت رقم ورثاء کو دی جائے گی بلکہ حادثے کی صورت میں مستقل یا جزوی معذوری پر دیگر فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔

(نوٹ: پارٹیسپنٹ دو سپلیمنٹری فوائد میں سے صرف ایک کا انتخاب کر سکتا ہے)۔

### فیملی انکم بینیفٹ (FIB)

اس اختیاری فائدے کے حامل پلان کی مدت میں پارٹیسپنٹ کی فوتگی کی صورت میں نامزد فرد کو سالانہ آمدنی کا فائدہ حاصل ہوگا۔ اس فائدے کے تحت، پلان کی اصل رقم کے برابر 10 فیصد سے 50 فیصد تک سالانہ طے شدہ وظیفہ فائدے کی تاریخ تنسیخ تک ورثاء کو دیا جائے گا۔

### ٹرم تکافل رائیڈر (TTR)

اصل پلان کے تحت، ٹرم تکافل سپلیمنٹری کور کی مدت کے دوران پارٹیسپنٹ کی فوتگی کی صورت میں دیگر فوائد کے ساتھ فیس ویلیو قابل ادا ہوگا۔ محترم -/1,000,000 فیس ویلیو کی ممبر شپ کے ساتھ کور ہے وہ اپنی ممبر شپ کے ساتھ ٹرم تکافل سپلیمنٹری کور کو بھی شامل کرتا ہے۔ ٹرم تکافل کی مدت کے دوران فوتگی کی صورت میں، انہیں اس سپلیمنٹری کور کے تحت -/1,000,000 کے برابر رقم قابل ادا ہوگی۔ یہ رقم اصل پلان کے تحت واجب الادا فوائد کے علاوہ ہوگی۔

یہ سپلیمنٹری کور ان افراد کے لیے ایک شاندار موقع ہے جو اپنے کنٹری بیوشن میں معمولی اضافی رقم ادا کرنے سے اپنی ممبر شپ کوریج کو بڑھانا چاہتے ہیں۔

### اضافی قیمتی آپشنز:

#### مہنگائی سے تحفظ/انڈیکسیشن:

پارٹیسپنٹ کو یہ اختیار ہے کہ وہ مجموعی بنیادوں پر درج ذیل آپشن کو اختیار کرتے ہوئے انڈیکسڈ ریگولر کنٹری بیوشن کے ذریعے تحفظ حاصل کر سکتا ہے:

#### 1 کنٹری بیوشنز کی انڈیکسیشن:

اس آپشن کے تحت، مجموعی عمومی کنٹری بیوشنز کو ہر ممبر شپ سالگرہ پر 6 فیصد تک بڑھایا جا سکتا ہے۔ البتہ، ممبر شپ جاری کرتے وقت پلان کی اصل قیمت اور اضافی فوائد کی اصل قیمت (اگر ہو) وہی رہے گی اور وہ انڈیکسیشن سے مشروط نہیں ہوگی۔

#### 2 فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن

یہ پلان پارٹیسپنٹ کو اس بات کی پیش کش بھی کرتا ہے کہ اضافی فنڈز کی سرمایہ کاری سے وہ اپنی سیونگز کو بڑھا سکتا ہے۔ ان یکمشت کنٹری بیوشنز کو فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن کہا جاتا ہے اور انہیں ممبر شپ کی مدت کے دوران کسی بھی وقت ادا کیا جا سکتا ہے۔ یونٹس کو حاصل ہونے والے فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشنز پر لاگو ہونے والے چارجز منہا کرنے کے بعد (PIEA) میں جمع کیا جائے گا۔ کم از کم کنٹری بیوشن کی رقم -/10,000 روپے ہوگی۔

### یونٹ مختص کرنا

| ممبر شپ کا سال | یونٹ کی تخصیص % | تخصیص کے چارجز |
|---|---|---|
| پہلا سال | 60% | 40% |
| دوسرا سال | 80% | 20% |
| تیسرا سال | 90% | 10% |
| چوتھا سال اور آگے | 100% | 0% |

## شیڈول آف چارجز

تمام چارجز درج ذیل کے مطابق لاگو ہوں گے:

### 1۔ ایلوکیشن چارجز

ایلوکیشن فیس لاگو ہوگی، بعدازاں کنٹری بیوشن کا باقی حصہ یونٹ کی تخصیص والے ٹیبل میں درج شرح کے مطابق متعین کی جائے گی۔

### 2۔ انڈوومنٹ وقف کنٹری بیوشن

پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ انڈوومنٹ اکاؤنٹ (PIEA) سے ماہانہ بنیادوں پر انڈوومنٹ وقف کنٹری بیوشن منہا کیا جائے گا۔ شرح اموات اور معذوری بڑھنے پر اضافی وقف چارجز اگر لاگو ہوں گے تو وہ بھی واجب الادا ہوں گے۔

### 3۔ ایڈمن چارجز (وکالہ فیس)

-/1200 روپے کے برابر سالانہ چارجز پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ انڈوومنٹ اکاؤنٹ (PIEA) سے ماہانہ بنیادوں پر منہا کئے جائیں گے۔ یہ چارجز اسٹیٹ لائف کی جانب سے تبدیلی سے مشروط ہوں گے۔

### 4۔ بڈ آفر اسپریڈ

PIEA یونٹس کی خریداری کے لیے استعمال ہونے والے کنٹری بیوشن کے حصہ پر لاگو ہوگا، اس کی شرح 5 فیصد ہوگی۔

### 5۔ فنڈ مینجمنٹ چارجز (انویسٹمنٹ وکالہ فیس)

پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ انڈوومنٹ اکاؤنٹ (PIEA) پر انویسٹمنٹ وکالہ فیس 1.5 فیصد سالانہ کی شرح سے لاگو ہوگی۔ یہ چارج روزانہ کی بنیاد پر یونٹ کی قیمت کے تعین کے وقت ایڈجسٹ ہوگی اور مالی سال کے اختتام پر آپریٹر کے سب فنڈ میں منتقل کی جائے گی۔

### 6۔ مضارب فیس

ہر مالی سال کے اختتام پر، اسٹیٹ لائف پارٹیسپنٹ تکافل انڈوومنٹ فنڈ کے تحت قابل تقسیم سرپلس کی وضاحت کرے گی۔ اس کا 97.5 فیصد بونسز کی صورت میں شرکاء کو قابل تقسیم ہوگا جبکہ باقی ڈھائی فیصد مضارب فیس کے طور پر آپریٹر سب فنڈ (OSF) میں منتقل کیا جائے گا۔

# اسٹیٹ لائف کارپوریشن آف پاکستان ونڈو تکافل آپریشنز
# کے لیے شرعی ہونے کا سرٹیفکیٹ

تاریخ: 13 اپریل 2023

اسٹیٹ لائف کارپوریشن آف پاکستان ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی ایڈوائزر کے طور پر، میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے اسٹیٹ لائف "**طیب تکافل انڈوومنٹ پلان**" کی ساخت کا جائزہ لینے کے ساتھ **فیصل بینک لمیٹڈ** کی جانب سے فراہم کئے جانے والے رائیڈرز کا جائزہ لیا ہے اور انہیں وکالہ - وقف تکافل ماڈل کے عین مطابق پایا ہے۔ میں نے تمام متعلقہ لائحہ عمل اور دستاویز بشمول شراکت دار کے ممبرشپ دستاویزات کا جائزہ بھی لیا ہے۔ علاوہ ازیں، میں نے تفصیل سے ان معاملات کا بغور جائزہ لیا ہے اور تمام فیملی تکافل فنڈز کے حوالے سے ہونے والی تمام سرمایہ کاریوں کی مسلسل نگرانی کرتا رہا ہوں۔

شرعی احکام اور میری سمجھ بوجھ اور یقین کے مطابق، اسٹیٹ لائف کارپوریشن آف پاکستان ونڈو تکافل آپریشنز کا **طیب تکافل انڈوومنٹ پلان**، تکافل فنڈز کی تمام سرمایہ کاریاں، متعلقہ دستاویزات اور عمل درآمد یا لائحہ عمل الغرض تمام معاملات ہر اعتبار سے شریعت کے تمام پہلوؤں کے عین مطابق ہیں۔

میری نظر میں، شرعی اعتبار سے یہ جائز ہے کہ اس پروڈکٹ کی ممبرشپ حاصل کی جائے، وقف فنڈ اور اس کے فوائد میں شرکت بھی جائز ہے۔

مفتی محمد حسان کلیم
شرعی ایڈوائزر اسٹیٹ لائف ونڈو تکافل آپریشنز

فون: +92321-2415821
ای میل: hassaan.kaleem@gmail.com

**انتباہ:**

- یہ پروڈکٹ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان (ونڈو تکافل آپریٹر) کی جانب سے مرتب کردہ ہے۔ یہ فیصل بینک لمیٹڈ یا اس کے ذیلی ادارے کی جانب سے ضمانت شدہ یا جاری کردہ نہیں ہے اور نہ ہی یہ بینک کی پروڈکٹ ہے۔

- بینک کا کردار اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان (ونڈو تکافل آپریٹر) کے کارپوریٹ تکافل ایجنٹ کا ہے جو اس کا مرتب کردہ ہے اور فیصل بینک لمیٹڈ کسی بھی پارٹیسپینٹ یا دعویٰ دار کا کسی بھی ممبرشپ یا دیگر کسی حوالے سے ذمہ دار نہیں ہوگا۔

- اسٹیٹ لائف تکافل پلان یونٹ سے جڑا ایک تکافل پلان ہے جو سرمایہ کاری سے متعلق خطرے سے مشروط ہے۔ سرمایہ کاری سے ممکنہ نقصان کا ذمہ دار شراکت دار خود ہوگا اور تکمیل سے متعلق یا دستبرداری سے متعلق قیمت بتائے گئے تخمینے سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔

- اسٹیٹ لائف تکافل پلان کی تمام درخواستوں پر اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان (ونڈو تکافل آپریٹر) کی جانب سے مرتب کردہ ہدایات کے مطابق کارروائی ہوتی ہے۔ فیصل بینک لمیٹڈ کسی بھی صورت میں ان درخواستوں پر عمل درآمد اور منظوری کا مجاز نہیں ہوتا۔

- پروڈکٹ کا یہ کتابچہ پلان کے تحت ملنے والے فوائد کا خلاصہ اور تعارف ہے۔ باقاعدہ شرائط وضوابط کے لیے براہ مہربانی PMD (پارٹی سپیشن ممبرشپ ڈاکیومینٹ) ملاحظہ کریں جو آپ کو انشورنس کا سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے بعد فراہم کیا جائے گا۔

- اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان (ونڈو تکافل آپریٹر) کی سابقہ کارکردگی مستقبل کی کارکردگی سے مشروط نہیں۔ اس سلسلے میں کوئی پیش گوئی مستقبل کے لیے ضروری نہیں اور نہ ہی فنڈز کی کارکردگی ویسی ہونے کی ضمانت ہے اور اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان (ونڈو تکافل آپریٹر) یا فیصل بینک لمیٹڈ اس حوالے سے کوئی ذمہ داری نہیں لیتے۔

- ہمارے اسٹاف کی جانب سے فوائد کا ذاتی خلاصہ فراہم کیا جائے گا۔ براہ مہربانی شرائط وضوابط کو سمجھنے کے لیے السٹریشن کے نوٹس کو بغور پڑھیں۔ خلاصہ میں بتائے گئے ویلیو صرف سمجھانے کے لیے ہیں جس میں اتار چڑھاؤ آسکتا ہے اور یہ حتمی نہیں ہوتے۔

- سروسز چارجز اور ٹیکسز کا نفاذ بینک کے شیڈول آف چارجز اور متعلقہ حکام کی جانب سے متعین کردہ ٹیکس قوانین کے مطابق لاگو ہوں گے۔

اگر آپ کو اپنے تکافل پلان سے متعلق کوئی شکایت ہے تو آپ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان (ونڈو تکافل آپریٹر) سے 021-99217286 رابطہ کرسکتے ہیں یا سروس سے متعلق شکایات کے لیے آپ FBL رابطہ سینٹر سے 06 06 06 111(021) پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

**اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان (ونڈو تکافل آپریٹر)**
تکافل ڈویژن، آٹھویں منزل، مین بلڈنگ،
اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 1، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی
فون نمبر: 87-021-99217286 فیکس نمبر: 021-99217282
ای میل: dhtakaful@statelife.com.pk
ویب سائٹ: www.statelife.co